سوال

(425) بدعقیدہ شخص کی دعوت قبول کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کسی بدعقیدہ یا بدعتی آدمی کی عام دعوت جیسے دعوت ولیمہ اوربچے کے عقیقے پر پکائے گئے کھانے کی دعوت قبول کرنا جائز ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے لوگوں کے ساتھ تعلقات کی کئی انواع واقسام ہیں، جومقاصد کے تحت جائزیاناجائزہوں گی :

اگرتوان کے ساتھ تعلقات قائم رکھنے سے ان کی اصلاح کرنا مقصود ہواوران کا عقیدہ درست ہوجانے کی امید ہواوران تعلقات کا آپ پرکسی قسم کا منفی اثر بھی نہ پڑے توان کی ایسی دعوتوں میں شرکت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، بلکہ اس پر نیت کے مطابق اجروثواب بھی ملے گا، بشرطیکہ ان دعوتوں میں خلاف شریعت امورنہ پائے جاتے ہوں ۔

اوراگرمعاملہ اس کے الٹ ہو، مثلاً آپ کے گمراہ ہوجانے کا خدشہ ہویاان کے نہ سدھرنے کا اندیشہ ہوتو بطورحوصلہ شکنی کے ان کے ان دعوتوں میں شرکت نہ کرنا ہی بہتر ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

[کتاب الصلاۃ جلد 1]